چلائے گا اور ان کی انجام دہی میں کوتاہی کا شکار نہیں ہوگا۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں نصاب تعلیم میں جو آیات قرآنی اور احادیث شامل تھیں انہیں بھی دیس نکالا کیا جا رہا ہے۔ خصوصاً جہاد سے متعلق آیات کو سلیبس سے نکال دیا گیا اور دیگر مضامین کو مختصر کر دیا گیا۔ ایسی ایسی کہانیاں بھی نصاب تعلیم میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی جو سراسر اسلام مخالف ہیں اور جنسیت پر مبنی ہیں۔ عمران خان صاحب نے مدینہ کی طرز پر نئے پاکستان کا قوم سے وعدہ کیا ہے اور ساتھ ہی تعلیمی نظام میں تبدیلی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ اگر وہ واقعتاً تبدیلی چاہتے ہیں تو پھر انہیں اس خاکے کو سامنے رکھنا ہوگا بصورت دیگر اسلام مخالف نظام تعلیم اور نصاب تعلیم ناقابل قبول ہوگا۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب کا تقرر

بڑی خوشی کی بات ہے کہ مورخہ 20 اکتوبر 2018ء کو قائد ملت سلفیہ پروفیسر سینیٹر ساجد میر حفظہ اللہ نے محترم جناب قاری صہیب میر محمدی حفظہ اللہ کی دینی و جماعتی خدمات کو سراہتے ہوئے مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کا نائب امیر مقرر کر دیا ہے، رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ نے محترم قاری صاحب کو اپنے ایک پیغام میں مبارک باد پیش کی اور کہا کہ امیر محترم کا انتخاب جماعتی حوالے سے بہت خوش آئند ہے اور سرزمین حرمین شریفین میں انہیں پر خلوص دعاؤں میں یاد کیا۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے ناظم اعلیٰ کا تقرر

مولانا میاں محمود عباس رحمہ اللہ کی وفات کے بعد مرکزی قیادت نے نہایت مدبرانہ فیصلہ کیا ہے کہ مورخہ 20 اکتوبر 2018ء کو مجاہد انتھک مولانا عبدالرشید حجازی حفظہ اللہ کو مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کا ''ناظم اعلیٰ'' مقرر کر دیا ہے، رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ نے مولانا حجازی حفظہ اللہ کو اپنے ایک پیغام میں مبارک باد پیش کی اور انہیں اپنی دعاؤں میں شامل کیا۔

دعائے صحت

ان دنوں میں مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے ترجمان ''ہفت روزہ اہل حدیث'' کے مدیر اعلیٰ محترم جناب نذیر احمد انصاری ایم اے کافی علیل ہیں اور کینیڈا میں زیر علاج ہیں، احباب سے گزارش ہے کہ ان کی صحت یابی کے لیے دعا فرمائیں۔